© rasailojaraid.com



## جامعہ کے سالانہ امتحانات اور نتائج

جامعہ کے شعبہ کتب کے سالانہ امتحانات 31 مئی بروز ہفتہ کو شروع ہو کر 8 جون بروز اتوار اختتام پذیر ہوئے اور شعبہ حفظ کے امتحانات 20 مئی بروز منگل کو شروع ہو کر 21 مئی بروز بدھ اختتام پذیر ہوئے۔

### شعبہ کتب میں جامعہ بھر میں پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء

★ عبید الرحمٰن بن عبد الستار — اول

★ عبد اللہ بن عبد الستار — دوم

★ عبد الباسط بن لیاقت علی — سوم

### حفاظ طلباء میں سے جامعہ بھر میں پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء

★ نعیم اللہ بن محمد رحیم — اول

★ عبد الواحد بن پاتی جان — دوم

★ زید بن فضل غنی — سوم

### شعبہ حفظ میں جامعہ بھر میں پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء

★ سمیع اللہ بن سیف اللہ — اول

★ محبوب الٰہی بن امیر حمزہ — دوم

★ دانیال احمد بن محمد آصف — دوم

★ عبد الحنان بن محمد یحییٰ — سوم

★ محمد یحییٰ بن عبد الحق — سوم

### خورد میں اثریہ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول کیمپس کا قیام

مورخہ 11 مئی بروز اتوار صبح 9 بجے جامع مسجد اہل حدیث خورد میں اثریہ کیمپس کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، اس کے بعد طلباء نے خوبصورت انداز میں مختلف اقسام کی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

تقاریر، نظمیں، ترانے اور ٹیبلو پیش کیے۔ اُثریہ ایجوکیشن سسٹم کے پرنسپل جناب محمد زاہد خورشید نے اپنی تقریر میں دینی اور دنیاوی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا اور مزید کہا کہ اچھی تعلیم ہی کامیابی کی کنجی ہے اور اچھی تعلیم کیلئے اُثریہ ایجوکیشن سسٹم کے زیرنگرانی چلنے والے تمام کیمپسز بہترین درسگاہیں ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے جناب مرزا تاسب اوران کے رفقاء کا خورد میں اُثریہ کیمپس کے قیام پر شکریہ ادا کیا۔ آخر میں مولانا قطب شاہ نے تربیت اولاد کے موضوع پر مختصر تقریر کی اور یہ تقریب تکمیل پذیر ہوئی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے سعودی عرب سے واپسی پر اُثریہ کیمپس خورد کا دورہ کیا اور احباب جماعت سے ملاقات کی۔

## جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 27 اپریل بروز اتوار بعد از نماز عشاء مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت حافظ عبدالحمید عامر رئیس جامعہ علوم اُثریہ جہلم نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان منعقد ہوا۔ جلسہ کی نگرانی مفتی محمد شفیع مدیر المکتب جامعہ علوم اُثریہ نے کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے، پروگرام کا آغاز جامعہ کے شعبہ حفظ کے مدرس قاری شفیق الرحمٰن کی تلاوت سے ہوا، جامعہ کے طالب علم محمد سلیمان اور شاعر اسلام منظور احمد نے حمد ونعت پیش کی، جامعہ کی آخری کلاس ثانیہ عالیہ کے طالب علم احتشام فاروق نے مختصر تقریر کی، بعد ازاں حضرت مولانا قاری محمد اکرم زاہد بھٹوی خطیب گوجرانوالہ نے توحید اور سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر مفصل خطاب کیا۔ آخر میں شرکاء کی پُرتکلف ضیافت کی گئی۔

## مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں حقوق اولاد کے موضوع پر تربیتی پروگرام

مورخہ 28 اپریل بروز سوموار بعد از نماز عشاء مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث جہلم میں تربیت اولاد کے موضوع پر عظیم الشان تبلیغی، اصلاحی وتربیتی پروگرام منعقد ہوا جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی۔ اس پروگرام میں حافظ محمد شفیق گوجرانوالہ اور مولانا حافظ عبدالرحیم ساجد خطیب سرگودھا نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کی دُعا سے یہ پروگرام تکمیل پذیر ہوا۔ آخر میں شرکاء کی پُرتکلف ضیافت کی گئی۔ اس پروگرام میں جہلم شہر اور گردونواح سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## موضع بوڑھیاں دلیال تحصیل دینہ ضلع جہلم میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 29 مئی بروز جمعرات بعد نماز عصر بوڑھیاں دلیال میں ماسٹر محمد افضل کی رہائش گاہ پر عظیم



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ منعقد ہوا، شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل اور حافظ عبدالغفور جہلمی نے پروگرام کی سرپرستی کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز جامعہ کے طالب علم طلحہ رفاقت اور قاری شفیق الرحمٰن مدرس جامعہ کی تلاوت سے ہوا۔ قاری محمد منشاء قادری نے حمد و نعت پیش کی۔ جلسہ سے مناظر اسلام مولانا حافظ محمد یوسف پسروری نے عالمانہ و فاضلانہ خطاب کیا۔ پروگرام کے آخر میں شرکاء کی پُرتکلف ضیافت کی گئی۔

## اہل حدیث یوتھ فورس جہلم کے زیر اہتمام تبلیغی پروگرام

اہل حدیث یوتھ فورس جہلم نے بروز جمعۃ المبارک مغرب کی نماز کے بعد مختلف مساجد میں دروس کا سلسلہ شروع کیا ہے جس میں صدر اہل حدیث یوتھ فورس جہلم حافظ عبدالغفور جہلمی درس قرآن و حدیث دے رہے ہیں۔ ان دروس میں اہل حدیث یوتھ فورس کے علاوہ کافی تعداد میں لوگ شرکت کر رہے ہیں۔

## وفیات

### سیٹھی طاہر ایوب کو صدمہ

مورخہ 16 اپریل بروز بدھ سیٹھی طاہر ایوب کی خالہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

### عامر الیاس (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 22 اپریل بروز منگل عامر الیاس کی ممانی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور صالحہ خاتون تھیں۔ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### مرزا ناصر محمود (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ 28 اپریل بروز سوموار مرزا ناصر محمود کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### عمران امین، عرفان امین، نعمان امین (کھرالہ) کو صدمہ

مورخہ 30 اپریل بروز بدھ عمران امین، عرفان امین اور نعمان امین کی والدہ محترمہ طویل علالت



© rasailojaraid.com